سوال

(431) بیوی پر ہمسایوں کے ہاں جانے پر پابندی لگانا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر شوہر اپنی بیوی کو پڑوسی کے گھر جانے کے متعلق پابندی لگا دے کہ تو نے ان کے گھر نہیں جانا ہے تو کیا ایسی پابندی شرعاً جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بیوی کے لیےاپنے شوہر کے گھر سے اس کی اجازت کے بغیر نکلنا جائز نہیں ہے، کیونکہ یہ بیوی پر شوہر کا حق ہے کہ وہ اس کی اطاعت کرے، اگر وہ کسی وجہ سے پڑوسی کے گھر جانے پر پابندی عائد کرتا ہے تو شوہر کی اطاعت ضروری ہے، ہاں اگر شوہر نے واضح طور پر یا عرفی اجازت دی ہو تو اس کا گھر سے باہر جانا جائز ہے، عرفی اجازت کا مطلب یہ ہے کہ عورت کو یہ معلوم ہو اگر وہ کسی پڑوسی کے گھر جائے گی تو خاوند اسے نہیں روکے گا، ہاں اگر کوئی شرعی مجبوری ہو تو بیوی کو گھر سے نکلنے کی اجازت ہے، بہر حال اگر شوہر اپنی بیوی کو اپنے کسی پڑوسی کے گھر جانے سے روکتا ہے تو اس کی بات کو مانا جائے بلاوجہ وہاں جانے پر اصرار نہ کیا جائے۔ (واللہ اعلم)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:3، صفحہ نمبر:366

محدث فتویٰ